LabourPains.com

Reliable information from doctors, midwives & mothers on pain relief & anaesthesia choices for your baby's birth

اپیڈورل یا ریڑھ کی ہڈی میں انجکشن لگنے کے بعد سر درد؟

آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے

اپیڈورل یا ریڑھ کی ہڈی میں انجکشن لگنے کے بعد آپ میں 'بعد از ڈورل پنکچر' سر درد **(PDPH)** ہونے کا اتفاق سو میں سے ایک اور دو سو میں سے ایک ہے.

سر درد کس طرح کا ہوتا ہے؟

- یہ آپ کو اپیڈورل یا ریڑھ کی ہڈی میں انجکشن لگنے کے بعد کے دنوں میں شروع ہوتا ہے.
- یہ اکثر شدید نوعیت کا ہوتا ہے.
- اٹھ کر بیٹھنے پر بدتر جبکہ لیٹ جانے سے بہتر ہو جاتا ہے.
- گردن میں بھی درد ہوسکتا ہے.
- تیز روشنی سے بے آرامی ہوسکتی ہے - اندھیرے کمرہ کو ترجیح دیں

ر درد کا سبب کیا ہے؟

ماغ اور ریڑھ کی ہڈی سیال سے بھری ڈورا نامی تھیلی سے گھرے ہوئے ہیں.

جب اپیڈورل لگایا جا رہا ہو تو ڈورا میں چھید ہو جانا حادثاتی طور پر ہو سکتا ہے, یا ریڑھ کی ہڈی کے انجکشن لگانے کے لیے جان بوجھ کر کیا جاتا ہے. اس چھید میں سےشاید سیال رستا رہتا ہے جس کی وجہ سے دماغ کے گرد سیال کا پریشر کم ہو جاتا ہے جس کے نتیجہ میں سر درد ہو سکتا ہے.

اس کا علاج کیا ہے؟

- بستر پر آرام
- پانی اور کیفین والے مشروبات زیادہ مقدار میں پیجیے.
- درد کش ادویات (مثلا پیراسٹامول یا آئبوپروفن) کا باقاعدہ استعمال.
- وقت (چند دنوں میں بہتر ہوسکتا ہے)
- خون پیچ (اگر درد بہتر نہیں ہوتا یا بہت شدید ہو)

خون پیچ کیا ہے؟

(1) اپیڈورل خون پیچ ایک اپیڈورل یا ریڑھ کی ہڈی میں انجکشن لگنے کی طرح کا ہوتا ہے اور یہ عام طور پر کسی لیبر روم یا آپریشن تھیئٹر میں بیہوشی کے ڈاکٹر کی طرف سے کیا جاتا ہے. یہ عام طور پر چھید ہو جانے کے 24 سے زائد گھنٹوں بعد کیا جاتا ہے.

(2) اس عمل کے دوران آپ کے بازو میں موجود ایک رگ سے خون لیا جاتا ہے .

(3) یہ خون پھر اپیڈورل خلا کے اندر داخل کر دیا جاتا ہے.

(4) خون پیچ لگنے کے بعد آپ کو چند گھنٹوں کے لئے لیٹنے کا کہا جائے گا، تاکہ خون کا لوتھڑا صحیح جگہ پر بن سکے. خون چھید سے سیال ٹپکنے والی جگہ پہ جم کر اسے بند کر دے گا، جس سے سر درد ختم ہو جانے میں مدد ہوتی ہے.

خون پیچ کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

- تقریبا 5 میں سے 1 معاملات میں سر درد نہیں رکتا جس کے لئے آپ کو ایک اور عمل کی ضرورت ہوسکتی ہے
- کمر میں خون کا انجکشن لگتے وقت درد ہو سکتا ہے.
- اس کے بعد چند دن تک آپ کی کمر زخمی رہ سکتی ہے
- ڈورا میں ایک اور چھید ہو جانے کا تھوڑا سا (1 فیصد سے کم) اتفاق ہو سکتا ہے.
- کمر میں انفیکشن, اعصابی نقصان یا خون بہنا دیگر نایاب پیچیدگیاں ہیں.

اگر آپ میں مندرجہ ذیل علامات میں سے کوئی ظاہر ہو تو فوری طور پر ہسپتال رابطہ کیجئے:

- شدید کمر درد
-
- گردن میں کھچاؤ کے ساتھ شدید ترین سر درد
- ٹانگوں میں کمزوری
- پیشاب یا پاخانے کا بلا اختیار خارج ہونا

پوسٹ ڈورل پنکچر سر درد کے بارے میں مزید معلومات کے لئے صحت سے متعلق پیشہ ور سے رجوع کیجئے.
حمل میں درد سے نجات اور بیہوشی کے متعلق مزید معلومات کے بارے میں آپ درد زہ (لیبر پینز) کی ویب سائٹ سے جان سکتے ہیں. www.labourpains.com

© کاپی رائٹ 2016 - اوبسٹیٹرک انیستھٹسٹس ایسوسی ایشن - 21 پورٹ لینڈ پلیس - لندن - W1B 1PY - برطانیہ
ٹیلیفون: 4402076318883+ فیکس: 4402076314352+ ریجسٹرڈ چیریٹی نمبر: 1111382 ریجسٹرڈ نمبر: 0014 (انگلینڈ)